DFEH

منافرت پر مبنی تشدد اور دیوانی حقوق

حقائق نامہ

راف سول رائٹس ایکٹ (Ralph Civil Rights Act) کسی فرد کی حقیقی یا قیاسی جنس/صنف، بشمول حمل، وضع حمل، اور متعلقہ طبی کیفیات، صنفی شناخت اور صنفی اظہار، نسل، رنگت، مذہب، نسب، قومی بنیاد، معذوری، طبی کیفیت، جینیاتی معلومات، ازدواجی حیثیت، جنسی رجحان، شہریت، پہلی زبان، امیگریشن کی حیثیت، سیاسی وابستگی یا مزدوری کے تنازعہ میں پوزیشن (کیلیفورنیا کے دیوانی ضابطہ کے سیکشن 51.7) کی بنیاد پر تشدد یا تشدد کی دھمکیوں کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ یہ مندرج صفات محض مثالیں ہیں اور ایکٹ کے تحت امتیازی سلوک کے دعوے کی دیگر بنیادیں ممکن ہیں۔ دیوانی قانون کے تحت ممنوع قرار دیے گئے اعمال تعزیری اعمال بھی ہوسکتے ہیں اور خلاف ورزی کرنے والے افراد تعزیری ہرجانوں کے سزاوار ہو سکتے ہیں۔ راف سول رائٹس ایکٹ کسی فرد کو اشیاء یا خدمات کے لیے معاہدہ کرتے وقت شرط کے بطور ایکٹ کے تحفظات سے دستکشی کا مطالبہ کرنے کو بھی ممنوع قرار دیتا ہے، جس میں شکایت یا مقدمہ دائر کرنے یا اٹارنی جنرل، محکمہ برائے منصفانہ ملازمت اور رہائش (DFEH) یا پروسیکیوٹر یا لاء انفورسمنٹ ایجنسی کو مطلع کرنے کا حق بھی شامل ہے۔

کیلیفورنیا کے قانون کے تحت کس قسم کے اعمال کو ممنوع قرار دیا گیا ہے؟

کیلیفورنیا کا قانون زبانی یا تحریری دھمکیوں، جسمانی حملہ یا حملہ کی کوشش، گرافٹی، اور تخریب کاری یا املاک کے نقصان کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ کیلیفورنیا کے دیگر قوانین اتعزیری ہرجانے طے کرتے ہیں جن میں عبادت ایسے اعمال کے لیے کے لیے جمع لوگونکسی عبادت گاہ، یا کسی مذہبی تعلیمی ادارے کی زیر ملکیت اور زیر تصرف عمارت میں توڑ پھوڑ کرنا؛ تشدد کی دھمکیوں کے ذریعے مذہبی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی کی کوشش کرنا؛ یا عبادت گاہوں یا کسی دیگر نجی املاک میں کسی فرد کو اپنی شخصی سلامتی کے تعلق سے خوف میں مبتلا کرنے کے لیے بم یا آگ زنی کا استعمال کرنا شامل ہیں املاک کو اس کے مالک یا متصرف کی نسل، رنگت، مذہب، نسب یا دیگر تحفظ یافتہ بنیادوں کی وجہ سے نشانہ بنایا گیا ہو۔

یہ قوانین متاثرین کی کس طرح مدد کرتے ہیں؟

یہ قوانین نسل، رنگ، مذہب، نسب، قومی بنیاد، عمر، معذوری، جنس، جنسی رجحان، سیاسی وابستگی یا مزدوری کے تنازعہ میں پوزیشن کی وجہ سے تشدد یا تشدد کی دھمکیوں سے متاثر ہونے والے افراد کے لیے دیوانی چارہ کار فراہم کرتے ہیں۔

دستیاب دیوانی چارہ کار میں شامل ہیں:

1. امتناعی احکامات
2. حقیقی نقصانات
3. قابل سزا نقصانات
4. دیوانی ہرجانے
5. اٹارنی کی فیس

متعدد ایسے اقدامات موجود ہیں جنہیں کوئی شخص ان قوانین کے تحت فراہم کردہ حقوق کو بروئے کار لانے کے لیے اختیار کر سکتا ہے۔

DFEH کیا کرتا ہے

محکمہ برائے منصفانہ ملازمت اور رہائش منافرت پر مبنی تشدد کو ممنوع قرار دینے والے کیلیفورنیا کے دیوانی قوانین کو درج ذیل طریقے سے نافذ کرتا ہے:

1. **شکایات کی چھان بین کرکے؛**
2. **قانون کی خلاف ورزیوں کا مواخذہ کرکے؛ اور**
3. **تحریری مواد فراہم کرکے اور سیمیناروں اور کانفرنسوں میں شرکت کرکے، منافرت پر مبنی تشدد، انسانوں کی غیر قانونی تجارت، ہراسانی، اور امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دینے والے قوانین کے بارے میں کیلیفورنیا کے باشندوں کو تعلیم دے کر۔**

منافرت پر مبنی تشدد اور دیوانی حقوق

حقائق نامہ

منافرت پر مبنی تشدد کی مثالیں

راف سول رائٹس ایکٹ کے تحت، درج ذیل امور غیر قانونی ہیں:

- تحفظ یافتہ گروپ میں کسی فرد کی حقیقی یا قیاسی رکنیت کی وجہ سے اس فرد کے آئینی حقوق میں زبردستی یا طاقت کی دھمکی سے مداخلت کرنا۔
- اپنے مذہب کی بنیاد پر عبادت کے لیے جمع لوگوں کے گروپ کو جان بوجھ کر پریشان کرنا۔
- تشدد کی دھمکیوں کے ذریعے مذہبی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی کی کوشش کرنا۔
- تحفظ یافتہ گروپ میں کسی فرد کی حقیقی یا قیاسی رکنیت کی وجہ سے اس فرد کی ذاتی املاک کو نقصان پہنچانا۔
- تحفظ یافتہ گروپ میں حقیقی یا قیاسی رکنیت کی بنیاد پر عبادت کی جگہ یا عمارت میں توڑ پھوڑ کرنا۔
- تحفظ یافتہ گروپ میں حقیقی یا قیاسی رکنیت کی بنیاد پر کسی فرد پر حملہ کرنا۔
- تحفظ یافتہ گروپ میں کسی فرد کی حقیقی یا قیاسی رکنیت کی بنیاد پر اس فرد کے خلاف غیر قانونی تشدد کی حمایت کرنا، جہاں اس حمایت کا نشانہ بدیہی لاقانونیت کے لیے بھڑکانا یا اسے انجام دینا یا اسے دوبارہ پیش کرنا ہو اور اس سے اس طرح کا عمل انجام پانے کا امکان ہو۔

اگر مجھے یقین ہو کہ میں منافرت کے تشدد کا شکار ہوں تو میں کیا کروں؟

1. آپ یہ بروشرو استعمال کر سکتے ہیں۔ جب آپ مسئلے کے بارے میں کسی اٹارنی، پولیس، یا سرکاری ایجنسی سے رابطہ کریں تو انہیں یہ دکھائیں۔

2. کسی پرتشدد دھمکی یا عمل کی رپورٹ پولیس کو دیں۔ پرتشدد دھمکی یا عمل اور صفات (نسل، جنس، عمر، معذوری، جنسی رجحان، وغیرہ) کے بیچ ربط کی وضاحت یقینی طور پر کریں۔ یاد رکھیں کہ یہ ربط آپ کی یا اس گروپ یا فرد کی صفت پر مبنی ہو سکتا ہے جس سے آپ کا واسطہ ہے۔

3. آپ شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ شکایت DFEH کے پاس، عدالت میں یا دیگر سرکاری ایجنسی، جیسے مقامی پولیس محکمہ، ڈسٹرکٹ اٹارنی، یا کیلیفورنیا اٹارنی جنرل کے پاس درج کرائی جا سکتی ہے۔

4. راف یا بین سول رائٹس ایکٹس کو نافذ کرنے کے لیے کیلیفورنیا کے دیوانی ضابطہ سیکشن 52 کے تحت نجی مقدمہ دائر کیا جا سکتا ہے۔

دیوانی چارہ کار

1. امتناعی احکامات: عدالت سے امتناعی حکم حاصل ہونے کے بعد، اس حکم کی خلاف ورزی کرنے والوں کو جرمانے یا جیل کی سزا ہو سکتی ہے

2. حقیقی نقصانات: بشمول طبی علاج کی لاگت، چھوٹی ہوئی اجرتیں، املاک کی مرمت، یا جذباتی تکلیف اور ذہنی تناؤ کے لیے ادائیگی

3. قابل سزا نقصانات: خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دینے کے لیے عدالت مزید نقصانات کا آرڈر کر سکتی ہے

4. دیوانی ہرجانے: عدالت $25,000 کے جرمانے کا آرڈر کر سکتی ہے جو شکایت درج کرانے والے فرد کو دی جائے گی

5. اٹارنی کی فیس: عدالت مقدمے کے نتیجے میں اٹارنی کی فیس کی ادائیگی کا آرڈر کر سکتی ہے

اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ تحفظ یافتہ درجے کی بنیاد پر منافرت پر مبنی تشدد کا شکار ہوئے ہیں تو شکایت درج کرائیں۔ DFEH کی شکایت متاثرہ فرد کو اس مرتکب کی شناخت سے واقف ہونے کی تاریخ سے ایک سال کے اندر درج کرانا ضروری ہے، لیکن بہر صورت یہ ضرر کی تاریخ سے تین سال سے زیادہ نہ ہو۔ اٹارنی کی ضرورت نہیں ہوتی ہے اور محکمہ کی خدمات کی کوئی فیس نہیں ہے۔

اگر آپ کو ایسی معذوری لاحق ہے جو معقول سہولت کی طالب ہو تو DFEH آپ کی رائے فون پر لے کر، ان افراد کے لیے جو بہرے ہیں یا اونچا سنتے ہیں یا جنہیں گویائی سے متعلق معذوریاں لاحق ہوں، کیلیفورنیا ریلے سروس (711) کی معرفت اعانت کر سکتا ہے، یا آپ ہم سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

شکایت درج کرانے کے لیے

محکمہ برائے منصفانہ ملازمت اور رہائش (DFEH)
dfeh.ca.gov
ٹول فری: 800.884.1684
TTY: 800.700.2320